(خدا اور اس کے رسول، یہ ہیں کارنامے رسولؐ خدا کے، صبحِ سخن) چھپ چکی ہیں مگر بہت سا تحریری کام غیرمطبوعہ ہے اور کچھ گم یا ضائع بھی ہوگیا۔ زیرنظر کتاب پروفیسر جعفر بلوچ کی سعی و کاوش سے شائع ہوئی ہے۔

کتاب کے ایک حصے میں خوارق، انبیا بہ شمول اور رسول اکرمؐ کے بعض معجزوں، نیز انسانی مشاہدے میں آنے والے عجیب و غریب اور حیرت انگیز واقعات، مثلاً: مُردے ہم کلام ہوتے ہیں، خوابوں میں سچّی پیش گوئیوں اور ایسی باتوں کا تذکرہ ہے جن سے قوانینِ فطرت ٹوٹتے اور بدلتے محسوس ہوتے ہیں۔ اس ضمن میں مصنف نے اخبارات، رسائل اور انگریزی کتابوں کے بکثرت حوالے دیے ہیں۔

ایک حصّے میں قرآنِ حکیم کے معجزات کا ذکر ہے۔ (حفاظتِ قرآن، آیاتِ قرآنی میں شفا کی تاثیر، قرآن ایک بے مثال ادب پارہ، قرآنی نکات اور جدید سائنسی انکشافات و ایجادات وغیرہ)۔ اس حصّے میں مصنف نے قرآن اور فلسفۂ اخلاقیات، اسی طرح اسلامی عبادت کی انفرادیت اور پھر قرآنی پیش گوئیاں جیسے عنوانات کے تحت بھی دل چسپ واقعات بیان کیے ہیں۔

جناب احمد جاوید نے اپنے فاضلانہ دیباچے میں کہا ہے کہ کتاب کا بیشتر حصہ سائنس کے اور دینی مزعومات کے رد پر مشتمل ہے۔ مصنف نے معجزات، کرامات اور دیگر خوارق کی تسلیم شدہ مثالوں سے یہ ثابت کرنے کی سعیِ محمود کی ہے کہ کائنات، سائنس کے تصورِ اسباب و علل کی بنیاد پر نہیں بلکہ مشیتِ الٰہیہ پر چل رہی ہے۔

اگرچہ کتاب کی تدوین ٹھیک طرح سے نہیں ہوسکی لیکن جملہ مباحث بہت دل چسپ اور مصنف کی علمیت اور وسیع مطالعے کے آئینہ دار ہیں۔ (رفیع الدین ہاشمی)

A Strife between Religion and Politics in Abbasi Period [عہد عباسی میں معرکۂ دین و سیاست]، نعیم صدیقی، مترجم: ڈاکٹر مقبول الٰہی۔ ناشر: الفیصل ناشران، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۲۰۹۔ قیمت: ۱۸۰ روپے۔

بقول مصنف ہمیں ''ایسے فنِ تاریخ نگاری کی ضرورت ہے جو ہمیں اپنے آپ کو جاننے